NOTIFICATION OF TESTING
High School Academic Screening and Growth Tests

عزیز والدین اور سرپرست:

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) ریاضی اور مطالعہ میں طلباء کی خوبیوں اور ضروریات کا تعین کرنے کے لیے تعلیمی پیش رفت کی پیمائش (MAP) Measures of Academic Progress گروتھ اسیسمنٹ کا استعمال کرتا ہے ۔ منتخب ہائی اسکول کے ریاضی اور انگریزی کورسز کے طلباء ان ٹیسٹوں میں حصہ لیں گے ۔ ٹیسٹ کے نتائج سے خاندانوں اور اساتذہ کو یہ جاننے میں مدد ملتی ہے کہ ہر طالبعلم کے سیکھنے اور ترقی میں کس طرح مدد کی جائے ۔ *تعلیمی اسکریننگ ، گروتھ ، اور تشخیصی یا ڈائیگناسٹک ٹیسٹ* کا ویب پیج (https://www.fcps.edu/academic-screening-growth-and-diagnostic-tests) ان ٹیسٹوں کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرتا ہے ۔

- MAP گروتھ ریڈنگ - انگریزی کے منتخب کورسز میں طلبا وطالبات
- MAP گروتھ میتھ – ریاضی کے منتخب کورسز میں طلبا وطالبات

انگریزی اور ریاضی کے اساتذہ خزاں میں منتخب کورسز میں تمام طلباء کی MAP گروتھ اسیسمنٹ کرتے ہیں ۔ کچھ طلباء سرما اور بہار میں اضافی ترقی یا گروتھ کا ڈیٹا فراہم کرنے کے لیے دوبارہ امتحان دے سکتے ہیں ۔ ٹیسٹ کلاس روم کے تدریسی بلاک کے اندر لیے جاتے ہیں ۔ اساتذہ ہر کلاس کیلئے ٹیسٹ کی مخصوص تاریخیں طے کرتے ہیں ۔ مطلوبہ اسکریننگ اور گروتھ کے لیے عمومی وقت *گریڈ لیول ٹیسٹ* کے ویب پیج (https://www.fcps.edu/academics/student-tests-assessments/grade-level-tests) پر دستیاب ہے ۔

تعلیمی اسکریننگ کے نتائج کی بنیاد پر، کچھ طالبعلموں کو مطالعے یا ریاضی کی بہتری کے منصوبے کی ضرورت پڑ سکتی ہے ۔ اگر آپ کو علمی اسکریننگ یا گروتھ ٹیسٹ کے بارے میں سوالات پوچھنے ہیں ، تو براہ مہربانی اپنے طالبعلم کے انگریزی یا ریاضی کے استاد یا اسکول کے ٹیسٹ کوآرڈینیٹر سے رابطہ کیجیئے ۔